# HAR RAAH TUMHARI

APNA HAI TOTAL

11th Edition

2021



# MANAGEMENT'S CORNER



**Shehzad Ul Haq Mirza**
Vice President Finance
وائس پریزیڈنٹ فنانس۔ شہزادالحق مرزا

"Assalam-O-Alaikum,
I welcome you all to this new edition of "Apna Hai TOTAL". The dawn of 2021 has brought many hopes especially around the prevention and control of the COVID-19 pandemic. With the arrival of COVID-19 vaccines across the globe, everyone is looking forward to resuming pre-COVID-19 activities. There is still some time before we get vaccines supplied and applied nationwide, hence, we need to continue taking precautionary measures including social distancing, avoiding unnecessary visits and travels, dining at restaurants and continuing to follow SOPs in true spirit and form. Total PARCO has always been the flag bearer of health and safety for all of its stakeholders. As much as it continues to work with the highest standards of health and safety across its retail outlets and supply chain, Total PARCO is working to make sure that the quality and standards of its products and services are equally outstanding. I wish you all a safe and healthy 2021."

السلام علیکم،

"اپنا ہے ٹوٹل "کے نئے ایڈیشن میں، میں آپ سب کو خوش آمدید کہتا ہوں۔ سال 2021 کا سورج ہمارے لیے بہت سی امیدیں لے کر آیا ہے خصوصاً COVID-19 سے بچاؤ اور روک تھام کے حوالے سے۔دنیا بھر میں COVID-19 کی ویکسین کے آجانے سے ہر کوئی COVID-19 سے پہلے جیسی سرگرمیوں کے بحال ہونے کے انتظار میں ہے۔ملک بھر میں ویکسین کی رسائی اور اس کے استعمال میں ابھی کچھ وقت ہے، تاہم ہمیں حفاظتی اقدامات بشمول سماجی رابطے میں فاصلہ، غیر ضروری سفر اور ملاقاتوں سے اجتناب، ریسٹورانٹس میں کھانا کھانے سے گریز اور ایس او پیز کو حقیقی معنوں میں یقینی بنانے کے حوالے سے اپنا کردار ادا کرتے رہنا چاہیے۔ٹوٹل پارکو اپنے تمام سٹیک ہولڈرز کی صحت اور تحفظ کے حوالے سے ہمیشہ صفِ اوّل میں رہا ہے۔جیسا کہ ہماری ریٹیل آوٹ لیٹس پر اور سپلائی چین میں صحت اور تحفظ کے اعلیٰ ترین معیار کو یقینی بنایا جا رہا ہے،ٹوٹل پارکو اپنی پراڈکٹس اور سروسز کے معیار کو بھی بہترین رکھنے کے لیے مصروف عمل ہے۔میں آپ سب کے لیے سال 2021 میں تحفظ اور اچھی صحت کا خواہش مند ہوں۔

# MEALS FOR SMILES







December is a season of joy and giving with the happening of many occasions and is also an opportunity to think about nature, our existence and how we can be socially responsible and generous towards others. This pandemic crisis has not only affected our health but has also affected our lives economically and socially, leaving behind unprecedented challenges. It is affecting the entire food system; the poor brick kiln families are no exception and are struggling to put food on the table for their families.

The Miracle school came into being in 1999 in Lahore and since then they have been providing free education, medical coverage, food, books, clothes etc. to young kids who belong to the brick kiln families.

Total PARCO has supported the students of the school system in their journey of learning and happiness. This year the students have returned to their families and will be back to school when the situation becomes favorable. Keeping the spirit of social responsibility alive, TPPL initiated its Meals for Smiles Drive. The senior management got together on the 17th of December to hand over the Meals for Smiles - boxes of food, including a small giveaway for students in every box, to the co-founders, Director Ms. Angele Micheal and Chairperson Ms. Rubina Ramzan. These boxes were distributed to the students and their families. TPPL aims to consistently identify avenues, such as these, that work towards the social development of society. This year, directly involving employees in this particular drive was a challenge as per the SOPs but we believe that "It's about making a difference collectively" in the lives of these children and their families, and the meals will definitely bring smiles to the faces of the recipients, on this important occasion.

# میلز فار سمائلز

ماہ دسمبر، بہت سے تہواروں کے باعث خوشیوں اور باٹنے کا مہینہ ہے اور ساتھ ہی قدرت، اپنے وجود اور دوسروں کے لیے سماجی طور پر کار آمد اور بہتر بننے کے حوالے سے سوچنے کا موقع بھی ہے۔ عالمی وباء کے باعث نہ صرف ہماری صحت بلکہ غیر متوقع چیلنجز کی وجہ سے معاشی اور سماجی طور پر ہماری زندگیاں بھی متاثر ہوئی ہیں۔ اس کی وجہ سے خوراک کا پورا نظام متاثر ہو رہا ہے اور بھٹہ مزدوری کرنے والے غریب خاندان بھی اس کا حصہ ہے جو کہ اپنے اہل خانہ کی خاطر روزی کمانے کے لیے کوشش کر رہے ہیں۔

سال 1999 میں The Miracle School کا قیام لاہور میں عمل میں آیا اور اس وقت سے یہ ادارہ بھٹہ مزدوری کرنے والے خاندانوں کے بچوں کو مفت تعلیم، میڈیکل کوریج، کھانا، کتابیں اور کپڑے وغیرہ فراہم کر رہا ہے۔

ٹوٹل پارکو کی جانب سے اس سکول کے بچوں کو تعلیم اور خوشی مہیا کرنے کے لیے امداد کی گئی ہے۔ اس سال طالب علم اپنے گھروں کو واپس گئے اور حالات بہتر ہونے پر یہ پھر سے سکول میں آ جائیں گے۔ سماجی فلاح کے جزبے کو زندہ رکھتے ہوئے ٹی پی پی ایل کی جانب سے Meals for Smiles مہم کا آغاز کیا گیا۔ 17 دسمبر کو سینیئر مینجمنٹ نے شریک بانیوں، ڈائریکٹر Ms. Angele Micheal اور چیئر پرسن مس روبینہ رمضان کو مل کر Meals for Smiles باکس فراہم کیے جن میں کھانا اور تحفہ شامل تھے۔ یہ باکس طالب علموں اور ان کے اہل خانہ میں تقسیم کیے گئے۔ ٹی پی پی ایل سماجی ترقی کے حوالے سے ایسے مواقع تلاش کرتے رہنے کے لیے کوشاں ہے۔ اس سال، اس مہم کے لیے ایمپلائز کو شامل کرنا ایس او پیز کی وجہ سے ایک چیلنج تھا لیکن ہمارا ماننا ہے کہ ان بچوں اور ان کے اہل خانہ کی زندگی میں مل کر "کچھ بہتر کرنا" ضروری ہے اور اس اہم موقع پر یہ کھانا ضرور ان کے چہروں پر خوشی لائے گا۔






# TOTAL PARCO PAKISTAN PARTNERS WITH NATIONAL HIGHWAYS & MOTORWAY POLICE

On the 3rd of February 2021, an MOU signing ceremony was held at the National Highways & Motorway Police Training College Sheikhupura. Mr. Mehmet, CEO Total PARCO, and DIG/Commandant Mr. Mehboob Aslam signed the MOU in the presence of Inspector General NHMP Mr. Kaleem Imam and our senior management.

Road Safety is one of our priority areas keeping in view the traffic conditions of the country. Since road accidents are the leading cause of death, we believe, as a corporate socially responsible organization, we need to mobilize all our efforts to fight against such road tragedies. This MOU signing shows our commitment, advocacy and support for the community to be safe on roads.

Through this MOU, TPPL has partnered with NHMP to Launch a Virtual Training Center as well as various other agreed-upon activities for capacity building and learning development of road users and the community at large to make them GO HOME SAFE!

This partnership will sustainably impact the knowledge, attitude and behavior of the community at large while on roads.

# ٹوٹل پارکو پاکستان اور نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس کا اشتراک

نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس ٹریننگ کالج شیخوپورہ میں 3 فروری 2021 کو ایک مفاہمتی یادداشت کی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ سی ای او ٹوٹل پارکو، مہمت جیلیپغ لو اور ڈی آئی جی/ کمانڈنٹ جناب محبوب اسلم نے انسپکٹر جنرل این ایچ اینڈ ایم پی، جناب کلیم انعام اور دیگر سینیئر مینجمنٹ کی موجودگی میں مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے۔ ملکی ٹریفک کے حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے سڑک پر تحفظ، ہماری ترجیحات میں سے ایک ہے۔ چونکہ سڑک پر ہونے والے حادثات، اموات کی ایک بڑی وجہ ہیں، لہٰذا سماجی طور پر ایک ذمہ دار کمپنی کی حیثیت سے ہم سڑک پر ہونے والے ایسے حادثات کو روکنے کے حوالے سے بھرپور کوشش کرنے پر یقین رکھتے ہیں۔ اس مفاہمتی یادداشت پر دستخط سڑک پر لوگوں کو محفوظ رکھنے کے حوالے سے ہمارے عزم، ایڈووکیسی اور معاونت کا عکاس ہے۔

اس مفاہمتی یادداشت کے ذریعے ٹی پی پی ایل نے ایک ورچوئل ٹریننگ سنٹر کے قیام کے لیے این ایچ اینڈ ایم پی کے ساتھ شراکت داری کی ہے۔ اس کے علاوہ سڑک استعمال کرنے والوں اور عوام کی صلاحیتوں میں بہتری اور آگہی کے لیے مختلف سرگرمیوں پر بھی اتفاق کیا گیا ہے تا کہ وہ اپنے گھروں تک **باحفاظت پہنچ سکیں!**

اس شراکت داری سے سڑک پر رہتے ہوئے عوام کی بہتر آگہی کے ساتھ ساتھ ان کے رویوں میں بڑے پیمانے پر مثبت تبدیلی کے حوالے سے مدد حاصل ہوگی۔



# TPPL LAUNCHES 7 NEW BONJOUR CARTS IN KARACHI - STEP CHANGE

The Total PARCO Sales and SFS teams have launched 7 Bonjour Carts in Karachi, which are the result of an innovative 'Snacks-on-Wheels' concept for our valued customers. Our customers will now be able to purchase a range of snacks, confectionery and beverages while availing other facilities at our retail stations, even at stations where a Bonjour Shop is unavailable. This model is a step towards sustenance and step change.
Congratulations to the entire TPPL team on achieving this historic milestone.

# ٹی پی پی ایل کی جانب سے کراچی میں 7 نئی بونجور کارٹس متعارف- تبدیلی کے لیے اقدام

ٹوٹل پارکو کی سیلز اور ایس ایف ایس ٹیمز کے جانب سے کراچی میں 7 بونجور کارٹس متعارف کروائی گئی ہیں جو کہ ہمارے معزز صارفین کے لیے 'Snacks-on-Wheels' اقدام کا حصہ ہیں۔اب ہمارے صارفین، ہمارے ریٹیل اسٹیشنز پر دیگر سہولیات سے مستفید ہوتے ہوئے مختلف اقسام کے اسنیکس، کنفیکشنری اور مشروبات بھی خرید سکتے ہیں، حتیٰ کہ ان اسٹیشنز پر جہاں بونجور شاپ موجود نہیں۔ یہ ماڈل، روزگار اور تبدیلی کی جانب ایک قدم ہے۔

اس تاریخی سنگ میل کو عبور کرنے پر ٹی پی پی ایل کی تمام ٹیم کو مبارک باد!


# TOTAL PARCO HIRED WOMEN FOR ITS FORECOURTS ACROSS LAHORE, ISLAMABAD AND KARACHI

We announce with great pleasure that TPPL's efforts and initiatives for improvement in diversity on retail forecourts have been noticed by the media. This management initiative is being lauded by renowned magazines, such as Niche Life Style and Diva Magazine Pakistan to name a few, in their social media posts. These magazines have social media presence on Instagram and Facebook with a fan following of 778,000 and 1.5 million respectively.
The leadership of TPPL is committed to promoting gender balance and female participation in all such initiatives.
Let's join hands for an even more progressive year by cherishing and promoting such initiatives.

# ٹوٹل پارکو کی جانب سے لاہور، اسلام آباد اور کراچی کے فورکورٹس میں فی میل سٹاف کی تقرری

میڈیا کی جانب سے ہمارے فورکورٹس میں عدم یکسانیت کی بہتری کے حوالے سے ٹی پی پی ایل کی کاوشوں اور اقدامات کی پذیرائی ہمارے لیے باعث مسرت ہے۔
مینجمنٹ کے اس قدام کو دو نامور میگزینز، 'Niche Life Style' اور 'Diva Magazine Pakistan' نے اپنی سوشل میڈیا پوسٹس میں بھی سراہا۔
یہ میگزینز نمایاں طور پر انسٹاگرام اور فیس بک پر موجود ہیں اور جن پر بالترتیب ان کے فینز کی تعداد 7 لاکھ 78 ہزار اور 15 لاکھ ہے۔ٹی پی پی ایل کے اعلیٰ حکام، صنفی برابری اور خواتین کے حقوق کے فروغ اور اس حوالے سے ایسے تمام اقدامات کے لیے اپنا کردار ادا کرنے کے لیے پرعزم ہیں۔
آئیں خوشیاں بانٹتے اور ایسے اقدامات یقینی بناتے ہوئے اس سال کو اور بھی کامیاب بنانے کے لیے ایک دوسرے کا ہاتھ تھامیں۔








# MEETING OF OICCI MANAGEMENT COMMITTEE MEMBERS WITH THE PRESIDENT OF PAKISTAN

# او آئی سی سی آئی مینجمنٹ کمیٹی کے ممبران کی صدر پاکستان کے ساتھ ملاقات





Mr. Mehmet Celepoglu, along with other OICCI Management Committee Members, had a meeting with the President of Pakistan Dr. Arif Alvi on the 15th of February 2021. The agenda of the meeting was to inform the President about CSR activities during 2019-2020. The spread of COVID-19 in 2020 really affected the economy all over the world but OICCI members managed to contribute significantly during this challenging time with their focus on activities primarily related to health, well-being and quality education. Many members also actively supported health and nutrition-related initiatives through donations to reputable hospitals, medical care camps and health awareness campaigns. In most of the activities, gender equality was given utmost priority.

The meeting concluded with positive feedback from Dr. Arif Alvi on the contribution of OICCI member companies for demonstrating their commitment to CSR projects which are helping the nation in many ways.

جناب مہمت جیلیپغ لو نے او آئی سی سی آئی مینجمنٹ کمیٹی کے دیگر ممبران کے ہمراہ 15 مارچ 2021 کو صدر پاکستان ڈاکٹر عارف علوی سے ملاقات کی۔ اس ملاقات کا مقصد صدر پاکستان کو سال 20-2019 کی سی ایس آر کے حوالے سے سرگرمیوں سے متعلق آگاہ کرنا تھا۔ اگرچہ سال 2020 میں COVID-19 کی وجہ سے دنیا بھر کی معیشت متاثر ہوئی ہے، تاہم او آئی سی سی آئی ممبران کی جانب سے ان مشکل حالات کے دوران خاطر خواہ اقدامات کرنے کی کوشش کی گئی ہے جن میں صحت، فلاح اور معیاری تعلیم کے حوالے سے سرگرمیاں شامل ہیں۔ بہت سے ممبران کی جانب سے نامور ہسپتالوں کو عطیات، میڈیکل کیئر کیمپس اور صحت کے حوالے سے آگہی مہموں کے ذریعے صحت اور غذائیت سے متعلق اقدامات کے لیے بھی بھرپور کردار ادا کیا گیا۔ زیادہ تر سرگرمیوں میں صنفی برابری کو اولین ترجیح دی گئی۔

اس ملاقات کا اختتام قوم کو مختلف طریقوں سے سہولت فراہم کرنے کے لیے سی ایس آر پراجیکٹس کے حوالے سے اپنے عزم کی عکاسی کے طور پر کیے جانے والے او آئی سی سی آئی کی ممبر کمپنیز کے اقدامات پر صدر پاکستان کی جانب سے مثبت ردعمل پر ہوا۔



# TPPL WINS STAND TOGETHER AWARD BY APMO & TWICE AWARD ON "WOMEN IN ACTION"

# "ویمن اِن ایکشن" کے لیے ٹی پی پی ایل، اے پی ایم او کی جانب سے STAND TOGETHER ایوارڈ اور ٹوائس ایوارڈ کی فاتح

TPPL is pleased to announce the winning of the Stand Together AWARD by APMO as well as the TWICE AWARD on the project "Women in Action". Last year, exciting activities were designed by management to empower the women of TPPL and increase their visibility on retail forecourts over a span of two weeks where they stood together with sales teams. These activities comprised of challenges of active sales of lubricants, solar products and car care products which were carried out by ladies at retail site forecourts in the form of groups in major cities i.e. Lahore, Karachi and Islamabad facilitated by sales teams.

TPPL Management pledges to break gender stereotypes and empower women in all business lines and stands together with them.

Let's join hands for an even more progressive year by cherishing and promoting "respect for each other" and "pioneer spirit" as our core values in all aspects of diversity.

ٹی پی پی ایل کے لیے "ویمن اِن ایکشن" کے حوالے سے اے پی ایم او کی جانب سے STAND TOGETHER ایوارڈ اور ٹوائس ایوارڈ جیتنے کا اعلان باعث مسرت ہے۔ پچھلے سال مینجمنٹ کی جانب سے ٹی پی پی ایل کی خواتین کی خودمختاری یقینی بنانے اور دو ہفتے کے لیے سیلز ٹیمز کے ساتھ ریٹیل فورکورٹس پر ان کی موجودگی کو نمایاں کرنے کے لیے زبردست سرگرمیوں کا انعقاد کیا گیا۔ ان سرگرمیوں میں لبریکنٹس، سولر اور کار کیئر پراڈکٹس کی ایکٹیو سیلز شامل تھیں جو کہ اہم شہروں بشمول لاہور، کراچی اور اسلام آباد کی ریٹیل سائٹس کے فورکورٹس میں سیلز ٹیمز کی مدد سے خواتین کی جانب سے کی گئیں۔

ٹی پی پی ایل کی مینجمنٹ صنفی تضاد کی نفی کرتی ہے اور خواتین کی تمام شعبوں میں خودمختاری یقینی بناتے ہوئے ان کے شانہ بشانہ ہے۔

آئیں، خوشیاں بانٹتے اور ایک دوسرے کا احترام کرتے ہوئے سال 2021 کو اور ابھی کامیاب بنانے کے لیے ایک دوسرے کا ہاتھ تھامیں اور تمام مختلف پہلوؤں کے حوالے سے ہماری بنیادی اقدار کے علم بردار بنیں۔








# TOTAL PARCO WINS CORPORATE SOCIAL RESPONSIBILITY AWARD 2021.




Total PARCO Pakistan Limited (TPPL) is proud to announce the winning of the 13th Annual Overall CSR Award 2021 awarded by Governor Punjab Ch. Muhammad Sarwar, President Jammu & Azad Kashmir Mr. Masood Khan and CEO NFEH Mr. Naeem Qureshi on the 13th Annual International CSR summit 2021. The ceremony was held on 25th February 2021 in Islamabad. TPPL's vision and valuable contributions towards positive societal impact, engagement with the stakeholders, socioeconomic development initiatives and initiatives during the pandemic brought a proud addition to TPPL's laurels.

National Forum for Health & Environment (NFEH) is affiliated with the United Nations Environment Program (UNEP) under the leadership of Mr. Naeem Qureshi (President NFEH) with the aim to facilitate, promote and help create environmental, healthcare and educational awareness among the masses, industries, the corporate sector and youth. NFEH has been hosting this award/summit for the past 13 years to recognize companies across the country that incorporate socially responsible practices during their business operations. The theme of this year was Let's Unite to Beat the Pandemic.

The whole event was designed to appreciate and recognize the effort of national and multinational organizations operating in Pakistan.

# ٹوٹل پارکو Corporate Social Responsibility Award-2021 کی فاتح

ٹوٹل پارکو پاکستان لمیٹڈ (ٹی پی پی ایل) کی لیے 13 ویں سالانہ Over all CSR Award 2021 کی جیت کا اعلان باعث فخر ہے۔ یہ ایوارڈ 13 ویں بین الاقوامی سی ایس آر سمٹ کے موقع پر گورنر پنجاب، چودھری محمد سرور، صدر آزاد کشمیر، جناب مسعود خان اور سی ای او NFEH جناب نعیم قریشی کی جانب سے دیا گیا۔ اس تقریب کا انعقاد 25 فروری 2021 کو اسلام آباد میں کیا گیا۔ ٹی پی پی ایل کے وژن اور درست سماجی اثر، اسٹیک ہولڈرز سے رابطہ، سماجی و معاشی ترقی کے اقدامات اور عالمی وباء کے دوران کیے گئے اقدامات کے حوالے سے کردار کو سراہا جانا ٹی پی پی ایل کے لیے باعث اعزاز ہے۔

نیشنل فورم فار انوائرنمنٹ اینڈ ہیلتھ (NFEH)، اقوام متحدہ کے ماحولیاتی پروگرام (UNEP) سے الحاق شدہ ہے جس کا مقصد عوام الناس، انڈسٹریز، کارپوریٹ سیکٹر اور نوجوانوں میں ماحول، صحت اور تعلیم کے حوالے سے آگہی پیدا کرنا اور اس کو فروغ دینے کے لیے مدد فراہم کرنا ہے۔ ملک بھر میں اپنے کاروبار کے دوران سماجی طور پر ذمہ دار رہنے والی کمپنیوں کی حوصلہ افزائی کے لیے NFEH پچھلے 13 سالوں سے اس ایوارڈ/سمٹ کی میزبانی کر رہا ہے۔ اس سال کا تھیم "آئیں، عالمی وباء کو ہرانے کے لیے متحد ہو جائیں" تھا۔




اس تقریب کا مقصد پاکستان میں کام کرنے والے نیشنل اور ملٹی نیشنل اداروں کی کاوشوں کو سراہنا اور ان کی حوصلہ افزائی کرنا تھا۔









# CELEBRATING WOMEN'S WEEK AT TOTAL PARCO

# ٹوٹل پارکو میں Women's Week کا انعقاد









Total PARCO champions gender diversity and equality in its work ethos, and its Women's Day celebrations are a testament to TPPL's commitment towards providing diverse experiences to all our employees regardless of their gender. This year, TPPL set #ChoosetoChallenge, as the Women's Day theme, propagating that women can break free from corporate stereotypes and can do work of any form or nature. Women's week was celebrated in the Head Office of Lahore as well as regional offices all over Pakistan. TPPL planned challenging activities for the women workforce of the organization and our female employees participated with great fervor. The women at TPPL got the opportunity to visit terminals and explore and observe how day to day operations at these terminals take place. They were also divided into teams to sell TOTAL Car Care products, Lubricants and Solar Lamps at various retail stations which championed TPPL's commitment towards teamwork. Testimonials were also recorded by the children of the employees in support of International Women's Day in which they discussed the tremendous efforts of women in our society in shaping a more equal future. Moreover, a very informative session was arranged on Women Empowerment by Sohail Zindani who shed light on how organizations grow and see positive results when women start to lead and take charge.

The week ended with a small closing ceremony during which the CEO of TPPL Mr. Mehmet Celepoglu distributed winning trophies to the highest selling teams. The ceremony was broadcast through a Live Chat to ensure participation of individuals from various regional offices.

ٹوٹل پارکو اپنے کام کے طریقہ کار میں صنفی برابری کو خاص اہمیت دیتا ہے اور خواتین کے عالمی دن کے حوالے سے سرگرمیاں، تمام ایمپلائز کو صنفی تضاد سے بالاتر رہتے ہوئے مختلف تجربات فراہم کرنے کے ٹی پی پی ایل کے عزم کی عکاس ہیں۔اس سال، خواتین کے عالمی دن کے موقع پر ٹی پی پی ایل کا تھیم، #ChoosetoChallenge تھا جس کا مقصد یہ پیغام دینا تھا کہ خواتین، کام کے حوالے سے دقیانوسی تصورات کو رد کرتے ہوئے ہر طرح کا کام سرانجام دے سکتی ہیں۔لاہور ہیڈ آفس اور پاکستان بھر کے ریجنل آفسز میں Women's Week کا انعقاد کیا گیا۔ ادارے میں کام کرنے والی خواتین کے لیے ٹی پی پی ایل کی جانب سے چیلنجنگ سرگرمیاں تیار کی گئیں اور ہماری خواتین ایمپلائز نے ان سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ٹی پی پی ایل میں کام کرنے والی خواتین کو ٹرمینلز کا وزٹ کرنے اور وہاں ہونے والے روزمرہ کے امور کو دیکھنے اور سمجھنے کا موقع ملا۔انہیں مختلف اسٹیشنز پر ٹوٹل کار کیئر پراڈکٹس، لبریکنٹس اور سولر لیمپس فروخت کرنے کے لیے مختلف ٹیمز کی صورت میں تقسیم کیا گیا جو کہ ٹیم ورک کے حوالے سے ٹی پی پی ایل کے عزم کی عکاسی ہے۔خواتین کے عالمی دن کے حوالے سے ایمپلائز کے بچوں کے جذبات پر مبنی پیغامات بھی ریکارڈ کیے گئے جن میں انہوں نے برابری پر مبنی مستقبل کے لیے ہمارے معاشرے میں خواتین کے مثالی کردار کو سراہا۔مزید برآں، سہیل زندانی کی جانب سے خواتین کی خودمختاری کے حوالے سے ایک انتہائی معلوماتی سیشن کا بھی انعقاد کیا گیا جس میں انہوں نے خواتین کی قیادت کے ذریعے ادارے میں ہونے والی بہتری اور مثبت نتائج پر روشنی ڈالی۔

ہفتے کا اختتام ایک مختصر اختتامی تقریب کے ساتھ کیا گیا جس کے دوران ٹی پی پی ایل کے سی ای او، جناب مہمت جیلیپغ لو نے سب سے زیادہ سیلز کرنے والی ٹیموں میں انعامی ٹرافیز تقسیم کیں۔لائیو چیٹ کے ذریعے تقریب کو براڈ کاسٹ کیا گیا تا کہ مختلف ریجنل آفسز سے افراد کی شرکت یقینی بنائی جا سکے۔









# ZERO FATAL ACCIDENT PROGRAM DEPLOYMENT

The Zero Fatal Accident Program is a safety program that encourages us to 'Challenge' by taking a step back when we perceive risk, 'Observe' by performing safety observations and 'Reinforce Rules' by providing feedback to ensure compliance with the applicable rules and regulations.

The program comprises of three key actions/tools namely 'Safety Green Light', 'Joint Safety Tours' and 'Life Saving Checks' for which we need to focus on the top fatal work risks while partnering with our contractors who are the key stakeholders in implementing the three actions.

TPPL embarked upon the journey starting from September 2020 onwards by engaging the relevant stakeholders, including staff members and contractors, through face-to-face meetings and webinars. In these interactive sessions, basic tools and methodologies to ensure effective implementation in the field were discussed and communicated. Moreover, a plan for conducting observations/tours in the field was formulated and shared to ensure the usage of the tools.

The journey for TPPL has started and we are moving in the right direction. Usage of tools in the field is improving by the day and issuance of Safety Green Light is on the rise.

With the commitment and focus of our team, we are all geared up to ensure safer operations by strengthening and increasing on-site checks to measure compliance with our rules with a view to reinforcing fatal accident prevention.

# زیرو فیٹل ایکسیڈنٹ پروگرام کا آغاز

زیرو فیٹل پروگرام، تحفظ کے حوالے سے ایک پروگرام ہے جو کہ خدشہ کی صورت میں محتاط رہنے، حفاظتی اقدامات یقینی بنانے کے لیے مشاہدہ کرنے اور متعلقہ قواعد وضوابط پر عمل یقینی بنانے کے لیے رائے دہی کے ذریعے قوانین کی پاسداری کے حوالے سے ہماری حوصلہ افزائی کرتا ہے۔

اس پروگرام کے تین اہم پہلو ہیں، سیفٹی گرین لائٹ، جوائنٹ سیفٹی ٹوورز اور لائف سیونگ چیکس، جن کے لیے ہمیں اپنے کنٹریکٹرز جو کہ ان تین پہلوؤں پر عمل درآمد کے لیے اہم اسٹیک ہولڈرز ہیں، کے ساتھ مل کر کام کے دوران اموات کی وجہ بننے والے اہم خدشات پر غور کرنے کی ضرورت ہے۔

ٹی پی پی ایل نے ستمبر 2020 میں متعلقہ سٹیک ہولڈرز بشمول سٹاف ممبران اور کنٹریکٹرز کو ملاقاتوں اور ویبینارز کے ذریعے شامل کر کے اس سفر کا آغاز کیا۔ ان انٹرایکٹیو سیشنز میں بنیادی ٹولز اور طریقوں کے فیلڈ میں کارآمد استعمال کے حوالے سے بات کی گئی۔ اس کے علاوہ، ٹولز کا استعمال یقینی بنانے کے لیے فیلڈ میں مشاہدات/ٹوورز کے حوالے سے پلان بھی ترتیب دیا گیا اور فراہم کیا گیا۔

ٹی پی پی ایل کے سفر کا آغاز ہو چکا ہے اور ہم درست سمت میں جا رہے ہیں۔ فیلڈ میں ٹولز کا استعمال دن بہ دن بہتر ہو رہا ہے اور سیفٹی گرین لائٹ کا اجراء عروج پر ہے۔

ہم اموات کی وجہ بننے والے حادثات کے خاتمے کو یقینی بنانے کی سوچ لیے اپنی ٹیم کے عزم اور مکمل شمولیت کے ساتھ اپنے قوانین پر عمل درآمد کے حوالے سے سائٹس کے جائزے میں بہتری اور اضافے کے ذریعے محفوظ آپریشنز کے لیے مکمل طور پر مصروف عمل ہیں۔

تحفظ! میرے، آپ کے، سب کے لیے۔





# KNOW OUR DEALERS: AMG FILLING STATION MULTAN

**1. Kindly introduce yourself, and tell us how long you have been running this particular station?**
My name is Aun Muhammad Gillani and I have been running AMG Filling Station Multan for the last 2 years.

**2. What was your motivation behind installing these executive washrooms?**
AMG believes in a one stop shop concept. We have been focusing on enhancing customer experience by introducing executive washrooms with facilities including kids changing area, shoe shiners, separate ladies praying room and wheelchair facility for specially abled persons. We believe these facilities are basic needs of our customers, and every station should have these facilities.

**3. What is your view on top service?**
We believe in practically exhibiting our value for top service by introducing three-shift operations, market-competitive salaries and food services for staff. We have trained the staff to be welcoming/courteous to the customers. AMG was ranked #1 in the recent Top Service wave.

**4. Do you think providing better non fuel services can have an impact on the sales of the station?**
Our philosophy is "One Stop Shop" and building an ecosystem where one business leads to the growth of the other at the same station. This eventually increases footfall at the station and transforms into a revenue stream.

**5. How has Total PARCO helped you achieve this?**
Guidance from TPPL's management, coupled with our ambition to serve customers, has enhanced TPPL's image in trade area and we believe in continuous improvements by introducing innovative solutions for customers. Our upcoming project at AMG retail station is to launch a Bonjour Cart.

# ہمارے ڈیلرز کو جانیے: اے ایم جی فلنگ اسٹیشن ملتان

**1۔اپنا تعارف کروائیں اور یہ بھی بتائیں کہ آپ یہ اسٹیشن کتنے عرصے سے چلا رہے ہیں؟**
میرا نام عون محمد گیلانی ہے اور میں پچھلے دو سال سے اے ایم جی فلنگ اسٹیشن چلا رہا ہوں۔

**2۔ان ایگزیکٹیو واش رومز کی تنصیب کے لیے آپ کو کس بات نے متاثر کیا ہے؟**
اے ایم جی فلنگ اسٹیشن ون سٹاپ شاپ کے تصور پر یقین رکھتا ہے۔ہم بچوں کے کپڑے وغیرہ تبدیل کرنے کی سہولت کے حامل ایگزیکٹیو واش رومز، شوشائنرز، خواتین کے لیے نماز کے علیحدہ مقامات اور معذور افراد کے لیے وہیل چیئر جیسی سہولیات متعارف کروا کر صارفین کو بہتر خدمات کی فراہمی کے لیے کوشاں ہیں۔ ہمارا ماننا ہے کہ ہمارے صارفین کے لیے یہ سہولیات بنیادی ضرورت ہیں اور ہر اسٹیشن پر یہ سہولیات ہونی چاہیئیں۔

**3۔ٹاپ سروس سے متعلق آپ کی کیا رائے ہے؟**
ہم تھری شفٹ آپریشنز، مارکیٹ کے مطابق تنخواہوں اور سٹاف کے لیے کھانے کی سہولیات کے ذریعے ٹاپ سروس کے لیے اپنی خدمات کی عکاسی پر یقین رکھتے ہیں۔ہم نے اپنے سٹاف کی ٹریننگ کی ہے تا کہ وہ صارفین کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آئیں۔ حالیہ ٹاپ سروس ویو میں اے ایم جی فلنگ اسٹیشن پہلی پوزیشن پر آیا ہے۔

**4۔کیا آپ کے خیال میں بہتر نان فیول سروسز کی فراہمی سے اسٹیشن کی سیلز پر فرق پڑتا ہے؟**
ہم "ون سٹاپ شاپ" اور ایک ایسا ایکو سسٹم بنانے پر یقین رکھتے ہیں جس کے ذریعے ایک کاروبار اسی اسٹیشن پر دوسرے کاروبار کی بہتری کے لیے معاونت کرے۔اس سے اسٹیشن پر آنے والے صارفین اور آمدن میں اضافہ ہوتا ہے۔

**5۔اس کے حصول میں ٹوٹل پارکو نے آپ کی کس طرح مدد کی ہے؟**
ٹی پی پی ایل کی مینجمنٹ کی جانب سے ہدایات اور صارفین کو خدمات کی فراہمی کے ہمارے عزم نے مل کر ٹریڈ ایریا میں ٹی پی پی ایل کی ساکھ کو بہتر بنایا ہے اور ہم اپنے صارفین کی سہولت کے لیے نئے اقدامات متعارف کرواتے ہوئے مسلسل بہتری پر یقین رکھتے ہیں۔اے ایم جی فلنگ اسٹیشن پر ہمارا اگلا پراجیکٹ بونجور کارٹ کی لانچ ہے۔







# The HSSEQ Story

HSSEQ, under the TPPL umbrella, is responsible for the safe execution of work at our facility. During the execution of the TOTAL Service Center energy efficient program, many simultaneous high-risk jobs were being performed like solar panel installation, LED replacement, boundary railing installation on the building roof and spreader sheet replacement. HSSEQ and Engineering played vital roles in the safe completion of all critical tasks within desired timelines. Our business partners exhibited good safety compliance and zero incident or TRIR were reported.

# ایچ ایس ایس ای کیو کی کہانی

ٹی پی پی ایل کے زیرِسایہ ایچ ایس ایس ای کیو ہماری فیسلیٹی پر کام کو باحفاظت طریقے سے یقینی بنانے کے حوالے سے ذمہ دار ہے۔ٹوٹل سروس سینٹر انرجی پروگرام کے دوران بہت سے ایسے کام کیے گئے جن کے دوران حادثات کا خدشہ زیادہ ہوتا ہے جیسا کہ سولر پینل کی تنصیب، ایل ای ڈیز کی تبدیلی، عمارت کی چھت پر باؤنڈری ریلنگ کی تنصیب اور سپریڈر شیٹ کی تبدیلی۔ ایچ ایس ایس ای کیو اور انجینیئر نگ نے مقررہ اوقات کے دوران تمام اہم کاموں کی باحفاظت تکمیل کے حوالے سے اہم کردار ادا کیا۔ ہمارے بزنس پارٹنرز نے تحفظ کو بخوبی یقینی بنایا اور کوئی ٹی آر آئی آر یا حادثہ رپورٹ نہیں ہوا۔




TOTAL | PARCO

If you would like to subscribe to the upcoming editions of the publication via e-mail instead of in a hard copy format, or provide your feedback on the content please let us know on the following email address: communications@totalparco.com.pk

اگر آپ آئندہ آنے والے ایڈیشنز کو ہارڈ کاپی کے بجائے سافٹ کاپی کی شکل میں بذریعہ ای میل سبسکرائب کرنا یا مواد کے حوالے سے اپنی آراء ہم تک پہنچانا چاہیں تو براہِ کرم ہمیں اس ای میل ایڈریس پر مطلع کریں:

**communications@totalparco.com.pk**

A special thanks goes out to the following contributors of Apna hai TOTAL, 11th Edition, 2020, for providing amazing content and playing their role in making this publication possible:
• Naveen Saeed • Nida Wasif • M. Salman Zaheer • Malja Naseer • Junaid Ahmed
• M. Nasir Khan • Abdur Rehman

**Editorial Board members:** Kashif Chaudhry and Amna Hamza